# نیلامی پٹہ جات وپراسپیکٹنگ لائسنس برائے اعلیٰ معدنیات (ای-نیلام)

اعلیٰ معدنیات بشمول کوئلہ، نمک (راک سالٹ)، جپسم، فائرکلے، باکسائٹ، سیلکاسینڈ، بینٹونائٹ، لیٹرائیٹ، اوکر، آئرن اور، سیلسٹائٹ اور فلرارتھ وغیرہ کے لئے پٹہ جات اور تلاش معدن (پراسپیکٹنگ لائسنس) کے رقبہ جات "جہاں ہیں جیسے ہیں" کی بنیاد پر بذریعہ ای-نیلام (e-auction) بمطابق درج ذیل شرائط وضوابط ودرج شدہ پروگرام کے تحت پنجاب معدنی مراعاتی قوانین مجریہ 2002 کے مطابق ای نیلام میں پیش کئے جا رہے ہیں۔ نیلام عام بابت اعلیٰ معدنیات کے رقبہ جات کی معلومات اور ای-نیلام میں حصہ لینے کے لئے رجسٹریشن کے طریقہ کار کی معلومات متعلقہ ضلعی انچارج دفاتر محکمہ معدنیات سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔ ای۔ نیلام ویب سائٹ پورٹل https://mmdeauction.punjab.gov.pk پر درج پروگرام کے تحت مقرر کردہ تواریخ اور وقت پر سیکرٹری معدنیات کی جانب سے مقرر کردہ نیلام کمیٹی کے تحت منعقد کیا جائے گا۔

| ضلع | مقامی دفتر ورابطہ نمبر | رجسٹریشن وریزروقیمت کا چالان اپلوڈ کرنے کی حتمی تاریخ | تاریخ ووقت ای-نیلام | نام معدن | پٹہ/بلاک نمبر | رقبہ (ایکڑز) | محل وقوع | ریزروپرائس (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٹک | دفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر، مائنز اینڈ منرلز، نزد چونگی نمبر 6 فتح جنگ روڈ، اٹک 0331-4114532 | پہلا مرحلہ 24.03.2026 تا 27.03.2026 دوسرا مرحلہ 15.04.2026 تا 20.04.2026 تیسرا مرحلہ 06.05.2026 تا 11.05.2026 حتمی وقت 11:59:59 PM | نیلامی کی پہلی تاریخ **06.04.2026** نیلامی کی دوسری تاریخ **27.04.2026** نیلامی کی تیسری تاریخ **18.05.2026** 09:00 AM تا 05:00 PM | لیٹرائیٹ | ایم ایل-اٹک-لیٹرائیٹ-پنڈتریڑ-2 (ترمیمی) | 259.933 | پنڈتریڑ | 25,00,000/- |
| | | | | فائرکلے | ایم ایل-اٹک-فائرکلے-پنڈتریڑ- | 270.85 | پنڈتریڑ | 25,00,000/- |
| | | | | سیلکاسینڈ | ایم ایل-اٹک-سیلکاسینڈ-پنڈتریڑ-1 (ترمیمی) | 298.79 | پنڈتریڑ | 25,00,000/- |
| میانوالی | دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر، مائنز اینڈ منرلز، بلمقابل بیرونی ریلوے اسٹیشن، کالاباغ روڈ، میانوالی۔ 0459-332614 | پہلا مرحلہ 25.03.2026 تا 01.04.2026 دوسرا مرحلہ 16.04.2026 تا 21.04.2026 تیسرا مرحلہ 07.05.2026 تا 12.05.2026 حتمی وقت 11:59:59 PM | نیلامی کی پہلی تاریخ **07.04.2026** نیلامی کی دوسری تاریخ **28.04.2026** نیلامی کی تیسری تاریخ **19.05.2026** 09:00 AM تا 05:00 PM | آئرن اور | ایم ایل۔ میانوالی۔ آئرن اور (79) **مشروط حتمی فیصلہ عدالت عالیہ لاہور ہائیکورٹ، راولپنڈی بنچ** | 197.95 | سپین زو | 2,00,00,000/- |
| | | | | آئرن اور | ایم ایل۔ میانوالی۔ آئرن اور (41) | 293.38 | پائی خیل | 2,50,00,000/ |
| | | | | جپسم | ایم ایل۔ میانوالی۔ جپسم۔ (76) | 79.92 | بھلی | 10,00,000/- |
| | | | | فائرکلے | ایم ایل۔ میانوالی۔ فائرکلے (111) | 250.00 | ٹولہ منگلی | 81,00,000/- |
| | | | | سیلکاسینڈ | ایم ایل۔ میانوالی۔ سیلکاسینڈ-155 | 179.75 | کرایا | 50,00,000/- |
| | | | | لیٹرائیٹ | ایم ایل-میانوالی۔ لیٹرائیٹ زمان خیل-3 | 230.64 | زمان خیل | 45,00,000/- |
| خوشاب | دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر (سمال سکیل مائننگ)، بلاک نمبر-7، نزد سرکٹ ہاوس، جوہر آباد، خوشاب۔ 0454-720375 03069453239 | پہلا مرحلہ 25.03.2026 تا 01.04.2026 دوسرا مرحلہ 16.04.2026 تا 21.04.2026 تیسرا مرحلہ 07.05.2026 تا 12.05.2026 حتمی وقت 11:59:59 PM | نیلامی کی پہلی تاریخ **07.04.2026** نیلامی کی دوسری تاریخ **28.04.2026** نیلامی کی تیسری تاریخ **19.05.2026** 09:00 AM تا 05:00 PM | راک سالٹ | پی ایل-خوشاب-راک سالٹ-سوڈھی بالا (1) (نیابلاک) | 376.77 | سوڈھی بالا | 50,00,000/- |
| | | | | راک سالٹ | پی ایل-خوشاب-راک سالٹ-سرائے (1) (نیابلاک) | 365.23 | سرائے | 1,00,00,000/- |
| | | | | راک سالٹ | پی ایل-خوشاب-راک سالٹ-نلی (1) (نیابلاک) **(بلاک ہذا کی نیلامی محکمہ ماحولیات سے این او سی کے اجرا سے مشروط ہے)** | 382.725 | نلی | 80,00,000/- |
| | | | | راک سالٹ | پی ایل-خوشاب-راک سالٹ-نلی (2) (نیابلاک) **(بلاک ہذا کی نیلامی محکمہ ماحولیات سے این او سی کے اجرا سے مشروط ہے)** | 440.25 | نلی | 80,00,000/- |
| | | | | راک سالٹ | ایم ایل-خوشاب-راک سالٹ-دلے والی (2) (ترمیم شدہ) | 347.35 | دلے والی | 50,00,00,000/ |
| | | | | بنٹونائیٹ | ایم ایل-خوشاب-بنٹونائیٹ-کٹھہ مصرال (نیابلاک) | 126.06 | کٹھہ مصرال | 25,00,000/- |
| | | | | بنٹونائیٹ | ایم ایل-خوشاب-بنٹونائیٹ۔ ملوال (B) (نیابلاک) | 156.87 | ملوال | 25,00,000/- |
| | | | | لیڑائیٹ | ایم ایل-خوشاب-لیڑائیٹ-دھمن (نیابلاک) | 295.88 | دھمن | 30,00,000/- |
| | | | | لیڑائیٹ | ایم ایل-خوشاب-لیڑائیٹ-کٹھہ مصرال (نیابلاک) | 68.08 | کٹھہ مصرال | 25,00,000/- |
| | | | | سیلکاسینڈ | ایم ایل-خوشاب-سیلکاسینڈ-گوسر (نیابلاک) **(بلاک ہذا کی نیلامی محکمہ ماحولیات سے این او سی کے اجرا سے مشروط ہے)** | 299.424 | گوسر | 40,00,000/- |
| | | | | سیلکاسینڈ | ایم ایل-خوشاب-سیلکاسینڈ-تریڑی (نیابلاک) **(بلاک ہذا کی نیلامی محکمہ ماحولیات سے این او سی کے اجرا سے مشروط ہے)** | 139.54 | تریڑی | 30,00,000/- |
| | | | | باکسائیٹ | ایم ایل-خوشاب-باکسائیٹ-بہوٹ (نیابلاک) | 268.13 | بہوٹ | 30,00,000/- |
| | | | | فائرکلے | ایم ایل۔ خوشاب۔ فائرکلے-کرولی (B) (نیابلاک) | 268.33 | کرولی | 30,00,000/- |
| | | | | فائرکلے | ایم ایل۔ خوشاب۔ فائرکلے-امب | 245.86 | امب | 25,00,000/- |
| | | | | کوئلہ | پی ایل-خوشاب-کوئلہ (488) (نیابلاک) | 270.7 | بھناکا | 40,00,000/- |
| | | | | کوئلہ | پی ایل-خوشاب۔ کوئلہ۔ (419) (نیابلاک) | 765.49 | کرڈھی | 10,00,000/- |
| | | | | کوئلہ | پی ایل-خوشاب۔ کوئلہ۔ جابلر (2) (نیابلاک) | 359.21 | جابلر | 25,00,000/- |
| | | | | کوئلہ | پی ایل-خوشاب۔ کوئلہ۔ نلی شالی (1) (نیابلاک) | 426.45 | نلی شالی | 25,00,000/- |

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جہلم | دفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر<br>،مائنز اینڈ منرلز جہلم<br>0321-7321973 | پہلا مرحلہ<br>24.03.2026 تا 27.03.2026<br>دوسرا مرحلہ<br>15.04.2026 تا 20.04.2026<br>تیسرا مرحلہ<br>06.05.2026 تا 11.05.2026<br>حتمی وقت<br>11:59:59 PM | نیلامی کی پہلی تاریخ<br>06.04.2026<br>نیلامی کی دوسری تاریخ<br>27.04.2026<br>نیلامی کی تیسری تاریخ<br>18.05.2026<br>09:00 AM<br>تا<br>05:00 PM | بنٹونائیٹ | ایم ایل-جہلم-بنٹونائیٹ-(34)<br>**مشروط حتمی فیصلہ ڈائریکٹر جنرل مائنز اینڈ منرلز، پنجاب** | 299.11 | جامر گھل | 50,00,000/- |
| | | | | بنٹونائیٹ | ایم ایل-جہلم-بنٹونائیٹ-(35)<br>**مشروط حتمی فیصلہ ڈائریکٹر جنرل مائنز اینڈ منرلز، پنجاب** | 216.32 | جامر گھل | 60,00,000/- |
| | | | | جپسم | ایم ایل-جہلم-جپسم-ڈنڈوت | 85.29 | ڈنڈوت | 25,00,000/- |
| چکوال | دفتر ڈپٹی<br>ڈائریکٹر (سمال سکیل<br>مائننگ)، غازی آباد<br>بلڈنگ، چکوال۔<br>0543-660019 | پہلا مرحلہ<br>25.03.2026 تا 01.04.2026<br>دوسرا مرحلہ<br>16.04.2026 تا 21.04.2026<br>تیسرا مرحلہ<br>07.05.2026 تا 12.05.2026<br>حتمی وقت<br>11:59:59 PM | نیلامی کی پہلی تاریخ<br>07.04.2026<br>نیلامی کی دوسری تاریخ<br>28.04.2026<br>نیلامی کی تیسری تاریخ<br>19.05.2026<br>09:00 AM<br>تا<br>05:00 PM | کوئلہ | پی ایل۔ چکوال-کوئلہ-مانک پور-(1)(نیا بلاک) | 571.90 | مانک پور | 30,00,000/- |
| ڈیرہ غازی خاں | دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر،<br>مائنز اینڈ منرلز، ڈیرہ<br>غازی خان ریجن،<br>پلاٹ نمبر 9 ریلوے<br>روڈ ڈویژنل کمپلیکس<br>ڈیرہ غازی خان۔<br>064-2461717<br>03025012446 | پہلا مرحلہ<br>24.03.2026 تا 27.03.2026<br>دوسرا مرحلہ<br>15.04.2026 تا 20.04.2026<br>تیسرا مرحلہ<br>06.05.2026 تا 11.05.2026<br>حتمی وقت<br>11:59:59 PM | نیلامی کی پہلی تاریخ<br>06.04.2026<br>نیلامی کی دوسری تاریخ<br>27.04.2026<br>نیلامی کی تیسری تاریخ<br>18.05.2026<br>09:00 AM<br>تا<br>05:00 PM | جپسم | ایم ایل۔ڈی جی کے۔ جپسم۔ کھلگری-1 | 133.41 | کھلگری | 25,00,000/- |
| | | | | جپسم | ایم ایل۔ڈی جی کے۔جپسم۔رودا | 241.75 | رودا | 25,00,000/- |
| | | | | کوئلہ | پی ایل۔ڈی جی کے۔کوئلہ-کھنڈور-1(نیابلاک) | 1000 | کھنڈور | 32,00,000/- |
| | | | | کوئلہ | پی ایل۔ڈی جی کے۔کوئلہ-کھنڈور-2(نیابلاک) | 985.3 | کھنڈور | 25,00,000/- |
| | | | | کوئلہ | پی ایل۔ڈی جی کے۔کوئلہ-کھنڈور-3(نیابلاک) | 972 | کھنڈور | 32,00,000/- |
| | | | | کوئلہ | پی ایل۔ڈی جی کے۔کوئلہ-کھنڈور-4(نیابلاک) | 944.6 | کھنڈور | 32,00,000/- |
| | | | | کوئلہ | پی ایل۔ڈی جی کے۔کوئلہ-کھنڈور-5(نیابلاک) | 972 | کھنڈور | 25,00,000/- |
| | | | | کوئلہ | پی ایل۔ڈی جی کے۔کوئلہ-بستی غلام حسین-1(نیابلاک) | 286.76 | بستی غلام حسین | 15,00,000/- |
| | | | | کوئلہ | پی ایل۔ڈی جی کے۔کوئلہ-بستی غلام حسین-2(نیابلاک) | 380.85 | بستی غلام حسین | 25,00,000/- |
| | | | | کوئلہ | پی ایل۔ڈی جی کے۔کوئلہ-بستی غلام حسین-3(نیابلاک) | 342.75 | بستی غلام حسین | 16,00,000/- |
| | | | | کوئلہ | پی ایل۔ڈی جی کے۔کوئلہ-بستی غلام حسین-4(نیابلاک) | 372.92 | بستی غلام حسین | 20,00,000/- |
| | | | | کوئلہ | پی ایل۔ڈی جی کے۔کوئلہ-بستی غلام حسین-5(نیابلاک) | 332.47 | بستی غلام حسین | 15,00,000/- |
| | | | | کوئلہ | پی ایل۔ڈی جی کے۔کوئلہ-بستی غلام حسین-6(نیابلاک) | 310.88 | بستی غلام حسین | 16,00,000/- |
| | | | | کوئلہ | پی ایل۔ڈی جی کے۔کوئلہ-بستی غلام حسین-7(نیابلاک) | 228.93 | بستی غلام حسین | 15,00,000/- |
| | | | | کوئلہ | پی ایل۔ڈی جی کے۔کوئلہ-بستی غلام حسین-8(نیابلاک) | 424.58 | بستی غلام حسین | 20,00,000/- |
| | | | | کوئلہ | پی ایل۔ڈی جی کے۔کوئلہ-سخی سرور-1(نیابلاک) | 366.98 | سخی سرور | 25,00,000/- |
| | | | | کوئلہ | پی ایل۔ڈی جی کے۔کوئلہ-سخی سرور-2(نیابلاک) | 478.55 | سخی سرور | 25,00,000/- |
| | | | | کوئلہ | پی ایل۔ڈی جی کے۔کوئلہ-سخی سرور-3(نیابلاک) | 396.40 | سخی سرور | 20,00,000/- |
| | | | | کوئلہ | پی ایل۔ڈی جی کے۔کوئلہ-جھوک حملی والی(نیابلاک) | 605.13 | حملی والی | 32,00,000/- |
| | | | | کوئلہ | پی ایل۔ڈی جی کے۔کوئلہ-بیروٹ(نیابلاک) | 494.13 | بیروٹ | 25,00,000/- |
| | | | | کوئلہ | پی ایل۔ڈی جی کے۔کوئلہ-بستی جنگلانی(نیابلاک) | 280.00 | بستی جنگلانی | 15,00,000/- |
| | | | | کوئلہ | پی ایل۔ڈی جی کے۔کوئلہ-جھوک روحیل والی-1(نیابلاک) | 815.1 | جھوک روحیل والی | 31,00,000/- |
| راجن پور | دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر،<br>مائنز اینڈ منرلز، ڈیرہ<br>غازی خان ریجن،<br>پلاٹ نمبر 9 ریلوے<br>روڈ ڈویژنل کمپلیکس<br>ڈیرہ غازی خان۔<br>064-2461717<br>5012446-0302 | پہلا مرحلہ<br>24.03.2026 تا 27.03.2026<br>دوسرا مرحلہ<br>15.04.2026 تا 20.04.2026<br>تیسرا مرحلہ<br>06.05.2026 تا 11.05.2026<br>حتمی وقت<br>11:59:59 PM | نیلامی کی پہلی تاریخ<br>06.04.2026<br>نیلامی کی دوسری تاریخ<br>27.04.2026<br>نیلامی کی تیسری تاریخ<br>18.05.2026<br>09:00 AM<br>تا<br>05:00 PM | کوئلہ | پی ایل۔ آر جے پی۔کوئلہ-سُپب نالہ-1(نیابلاک) | 1000 | سُپب نالہ / ہگا | 30,00,000/- |
| | | | | کوئلہ | پی ایل۔ آر جے پی۔کوئلہ-سُپب نالہ-2(نیابلاک) | 1000 | سُپب نالہ / ہگا | 30,00,000/- |
| | | | | کوئلہ | پی ایل۔ آر جے پی۔کوئلہ-سُپب نالہ-3(نیابلاک) | 1000 | سُپب نالہ / ہگا | 31,50,000/- |
| | | | | کوئلہ | پی ایل۔ آر جے پی۔کوئلہ-سُپب نالہ-4(نیابلاک) | 1000 | سُپب نالہ / ہگا | 30,00,000/- |

## شرائط وضوابط (TERMS & CONDITIONS)

| | |
|---|---|
| 1 | ای-نیلام میں شریک ہونے والے خواہشمند فرد / افراد / کمپنی / فرم کو بمطابق تواریخ درج بالا کالم (رجسٹریشن وریزروقیمت کی بنک رسید اپلوڈ کرنے کی حتمی تاریخ) سے قبل آن لائن بذریعہ ویب سائٹ https://ebiz.punjab.gov.pk پر رجسٹریشن کروانا لازم ہوگی جو کہ ایک سال تک موثر ہوگی۔ بصورت دیگر ای-نیلام میں شرکت کے اہل نہ ہوں گے۔ |
| 2 | ای نیلام میں رجسٹریشن کے لیے درج ذیل کاغذات ویب سائٹ https://ebiz.punjab.gov.pk پر اپ لوڈ کرنا لازم ہیں۔<br>(الف) مبلغ-/50000 روپے بطور زر ضمانت (قابل واپسی) بذریعہ PSID (پیمنٹ سلپ آئی ڈی) چالان۔<br>(ب) قومی شناختی کارڈ (فرنٹ اور بیک سائیڈ)<br>(ج) انکم ٹیکس رجسٹریشن سرٹیفکیٹ۔ (انفرادی طور پر)<br>(د) بطور فرم فرم کا رجسٹریشن سرٹیفکیٹ بمعہ شراکت نامہ<br>(ر) کمپنی کی صورت میں آرٹیکلز اینڈ میمورنڈم آف ایسوسی ایشن بمعہ اداشدہ مجاز سرمایہ کاری بطور ثبوت۔ |
| 3 | ای-نیلام میں شریک ہونے والے خواہشمند فرد / افراد / کمپنی / فرم کو بمطابق تواریخ درج بالا کالم (رجسٹریشن وریزروقیمت کی بنک رسید اپلوڈ کرنے کی حتمی تاریخ) تک ایسے بلاکس جن پر بولی دہندہ بولی دینا چاہتا ہو، بمطابق ریزرو پرائس کا زرپنجم رقم بصورت چالان ہر بلاک کے لئے علیحدہ علیحدہ جمع کروائے گا۔ جبکہ تلاش معدن (پراسپیکٹنگ لائسنس) کے رقبہ جات جن پر بولی دہندہ بولی دینا چاہتا ہو، بمطابق ریزرو پرائس کا ایک تہائی 1/3 حصہ بصورت چالان ہر بلاک کے لئے علیحدہ علیحدہ جمع کروائے گا۔ چالان کے حصول کے لئے ویب https://mmdeauction.punjab.gov.pk پر جا کر متعلقہ بلاک کے لئے چالان ڈاون لوڈ کرے گا اور چالان پر رقم درج کرنے کے بعد بنک آف پنجاب کی کسی بھی شاخ میں جمع کروا کر رسید حاصل کرے گا۔ بنک رسید آکشن پورٹل https://mmdeauction.punjab.gov.pk پر اپلوڈ کرنا لازمی ہے۔ ورنہ ای نیلام میں شرکت کا اہل نہ ہوگا۔ |
| 4 | یہ کہ رقبہ جات "جہاں ہیں جیسے ہیں" اور لائسنسنگ اتھارٹی / محکمہ ہذا کے پاس دستیاب معلومات کی بنیاد پر بذریعہ ای۔ نیلام پیش کئے جا رہے ہیں۔ لہٰذا بولی دہندگان بولی دینے سے قبل رقبہ جات کے بارے میں محکمہ کی ویب سائٹ (www.mnm.punjab.gov.pk) پر موجود بلاکس کی معلومات اور ان بلاکس میں موجود معدن کی مقدار و معیار کے بارے میں اپنی تسلی کر لیں بعد ازاں کسی بھی مجاز اتھارٹی وعدالت کے پاس معدن کی مقدار یا معیار کے بارے میں محکمہ ہذا کے خلاف ان کا کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ |
| 5 | سرکاری واجبات کے نادہندگان / بلیک لسٹ افراد ای نیلام میں حصہ لینے کے اہل نہ ہونگے۔ |
| 6 | تمام رجسٹرڈ بولی دہندگان پر لازم ہے کہ وہ شرائط برائے ای-نیلام اچھی طرح سے پڑھ کر بطور قبولیت دیئے گئے چیک باکس کو کلک کریں۔ پٹہ جات یا تلاش معدن (پراسپیکٹنگ لائسنس) کی بولی مشتہر شدہ ریزرو پرائس (Reserve Price) سے شروع ہوگی۔ مزید یہ کہ ای نیلام کے مقررہ کردہ وقت کے آخری منٹ میں کوئی بولی موصول نہ ہونے پر نیلامی کا دورانیہ خود بخود ختم ہو جائے گا۔ تاہم آخری منٹ میں بولی موصول ہونے پر ای-نیلام کے دورانیہ میں مزید تین (03) منٹ کا اضافہ ہو جائے گا۔ جو کہ مزید مقابلہ کی صورت میں جاری رہے گا اور رات بارہ بجے (12:00 PM) بولی حتمی طور پر ختم ہو جائے گی۔ نیلامی کا د ورانیہ ختم ہونے پر متعلقہ ویب سائٹ پر کامیاب بولی دہندہ کی بولی مشتہر ہو جائے گی۔ اور پرت نیلام پر کامیاب بولی دہندہ کے دوران رجسٹریشن اپ لوڈ کئے گئے دستخط ثبت ہو جائیں گے اور بولی حتمی تصور ہوگی۔ نیز ایسے پٹہ جات / پراسپیکٹنگ لائسنس جن پر ای نیلام پورٹل میں کسی قسم کی فنی خرابی کی صورت میں بولی کا عمل مکمل نہ ہو سکا تو ایسے رقبہ جات آخری موصول شدہ بولی سے ہی بذریعہ ای نیلام دوبارہ پیش کئے جائیں گے۔ |
| 7 | پہلی تاریخ پر بولی موصول نہ ہونے یا کسی دیگر وجوہات سے نیلام نہ ہونے کی صورت میں معدنی رقبہ جات مشتہر شدہ اگلی تواریخ پر نیلام کئے جائیں گے۔ تاریخ نیلام پر سرکاری تعطیل ہو جانے کی صورت میں ای نیلام اگلے روز منعقد ہوگی۔ |
| 8 | کامیاب بولی دہندہ بمطابق دی گئی بولی، پہلے سے جمع شدہ زرپنجم / ایک تہائی ریزرو پرائس سے زائد بننے والی رقم بمطابق سب سے زائد بولی بصورت پے آرڈر / کال ڈیپازٹ بنام ڈائریکٹر جنرل مائنز اینڈ منرلز پنجاب، لاہور (سرکاری حثیت میں) بعد ازاں ای-نیلام دو (2) دفتری ایام کے اندر بذریعہ چالان بنک آف پنجاب کی کسی بھی شاخ میں جمع کروائی جاسکتی ہے۔ اس مقصد کے لیے کامیاب بولی دہندہ گان کیلئے چالان ویب سائٹ https://mmdeauction.punjab.gov.pk پر مہیا کیا گیا ہے۔ بصورت دیگر پہلے سے جمع شدہ زرپنجم / زرسوئم کی رقم اور دیگر رقوم بحق سرکار ضبط کر لی جائیں گی۔ اور بولی دہندہ کو بلیک لسٹ کیا جاسکتا ہے۔ اور لائسنس / پٹہ نیلام کی بولی میں دوسرے نمبر پر رہنے والے بولی دہندہ کو آفر کر دیا جائے گا۔ بشرطیکہ پہلی اور دوسری موصول شدہ بولی میں فرق پندرہ فیصد سے زائد نہ ہو۔ پہلی اور دوسری بولی میں اس سے زائد فرق کی صورت میں لائسنس/پٹہ دوبارہ نیلام ہوگا۔ |
| 9 | لائسنسنگ اتھارٹی کو معقول وجہ کے ساتھ بولی منظور یا نامنظور کرنے کا اختیار ہوگا۔ |
| 10 | بولی منظور ہونے کی صورت میں کامیاب بولی دہندہ کو منظوری کا مراسلہ جاری ہونے کے پندرہ یوم کے اندر کل بولی کا پندرہ فیصد (15٪) بطور زر ضمانت (سیکیورٹی) جمع کروانا ہوگا۔ سیکیورٹی جمع کروانے کیلئے چالان متعلقہ ویب سائٹ https://mmdeauction.punjab.gov.pk پر دستیاب ہوگا۔ چالان برائے زر ضمانت (سیکیورٹی) کی ادائیگی بنک آف پنجاب کی کسی شاخ میں جمع کروا کر بنک رسید مہیا کرے گا۔ مزید یہ کہ کامیاب بولی دہندہ بولی کی منظوری کے بعد مجوزہ شرح کے مطابق انکم ٹیکس ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ ناکامی کی صورت میں مراسلہ قبولیت واپس لے لیا جائے گا اور اس کی قبل ازیں جمع کروائی گئی زرپنجم یا ایک تہائی رقم اور دیگر رقوم بحق سرکار ضبط کر لی جائیں گی۔ اور لائسنس / پٹہ نیلام میں دوسرے نمبر پر رہنے والے بولی دہندہ کو آفر کر دیا جائے گا۔ بشرطیکہ پہلی اور دوسری بولی میں فرق پندرہ فیصد (15٪) سے زائد نہ ہو۔ |
| 11 | یہ کہ پٹہ جات / تلاش معدن (پراسپیکٹنگ لائسنس) کی مدت الاٹمنٹ مراسلہ جاری ہونے کی تاریخ سے شروع ہوگی۔ |
| 12 | بولی کی بقیہ رقم کوئلہ اور نمک کے پٹہ جات کی صورت میں نو (9) سالانہ مساوی اقساط اور باقی معدنیات کی پٹہ جات کی صورت میں چار (04) سالانہ مساوی اقساط بمعہ مجوزہ شرح انکم ٹیکس، الاٹمنٹ مراسلہ میں تحریر شدہ تواریخ پر یا اس سے قبل طے شدہ طریقہ کار کے تحت بنک آف پنجاب میں جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ جبکہ پراسپیکٹنگ لائسنس کی صورت میں بولی کی بقیہ رقم دو (02) سالانہ مساوی اقساط بمعہ مجوزہ شرح انکم ٹیکس، الاٹمنٹ مراسلہ میں تحریر شدہ تواریخ پر یا اس سے قبل مندرجہ بالا طریقہ کار کے تحت ادا کرنا ہوں گی۔ اگر پٹہ دار یا لائسنس ہولڈر ایسا کرنے میں ناکام رہا تو لائسنسنگ اتھارٹی کو معدنی پٹہ یا لائسنس منسوخ کرنے اور قبضہ بحق سرکار حاصل کرنے کا اختیار حاصل ہوگا۔ مزید یہ کہ قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ |

| | |
|---|---|
| 13 | پٹہ جات برائے کوئلہ اور نمک عرصہ دس(10)سال کیلئے جبکہ دیگر سطحی معدنی پٹہ جات مثلاً (فائر کلے-باکسائٹ-سیلکا سینڈ-جپسم-بینٹونائٹ-لیٹرائٹ- سیلسٹائٹ-اوکر- آئرن اور اور فلر ارتھ وغیرہ) کی ابتدائی مدت پانچ (05) سال ہوگی۔معدنی پٹہ جات متعلقہ پنجاب معدنی قوانین مجریہ 2002 کی روسے قابل تجدید ہوں گے۔ تجدید کے لئے پٹہ دار پر ٹیکنیکل ایکسپرٹ کمیٹی کی سفارشات کی روشنی میں مقرر کردہ اضافی شرح اور طریقہ کار پر لائسنسنگ اتھارٹی کی منظوری کے بعد متناسب زرنیلام کی ادائیگی اور دیگر شرائط کی پابندی لازم ہوگی۔ جبکہ تلاش معدن (پراسپیکٹنگ لائسنس) برائے کوئلہ اور نمک و دیگر معدنیات کی ابتدائی مدت عرصہ تین(03)سال کیلئے ہوگی جو بعد ازاں پنجاب معدنی مراعاتی قوانین مجریہ 2002 کے مطابق نئی شرح کے تحت مزید دو(02)سال کے لیے قابل تجدید ہوگی۔ |
| 14 | نمک کے پٹہ جات / تلاشگی لائسنس (Prospecting License) حکومتِ پنجاب کی ہدایت کے مطابق صرف اور صرف ایسے انڈسٹریل یونٹس کیلئے عطاکیے جائیں گے جو کہ نمک کو بطور خام مال استعمال کریں گے۔اس حوالے سے مزید تفصیلات لائسنسنگ اتھارٹی صدر دفتر لاہور سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔ |
| 15 | یہ کہ اگر کسی وقت بھی اس بات کا علم ہو گیا کہ رجسٹریشن کے سلسلہ میں پٹہ دار / لائسنس ہولڈر کی جانب سے جمع کروائے گئے دستاویزات جعلی اور بوگس تھے تو پٹہ دار / لائسنس ہولڈر کو عطا کیا گیا معدنی پٹہ / پراسپیکٹنگ لائسنس منسوخ کر دیا جائے گا اور اس کی جانب سے جمع کروائے گئے زرنیلام اور سیکورٹی بحق سرکار ضبط کرلی جائے گی اور اسے بلیک لسٹ کر دیا جائے گا۔ دیگر سرکاری واجبات کے نادہندہ معلوم ہونے پر بھی یہی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ |
| 16 | ایسے رقبہ جات جن کی نیلامی پر کسی مجاز اتھارٹی یا عدالت کی طرف سے حکم امتناعی ہوگا ان کو اتھارٹی یا عدالت کی طرف سے حکم امتناعی کے اخراج پر آئندہ تاریخ پر نیلام کیا جائے گا۔ |
| 17 | کامیاب بولی دہندہ کی دی ہوئی بولی کی منظوری کی صورت میں ورک آرڈر کے اجراء کے ساتھ محکمہ ماحولیات کی طرف سے متعلقہ رقبہ زیر معدنی پٹہ یا لائسنس کی منظور شدہ IEE/EIA رپورٹ کے مطابق شرائط و ضوابط جو کہ پٹہ نامہ / لائسنس نامہ کے ساتھ لف کی جانیگی اور بولی دہندگان بوقت ای نیلام عام تصدیق ملاحظہ و منظور کرنے کے پابند ہونگے۔ پٹہ دار / لائسنس ہولڈر عطاشدہ پٹہ جات یا لائسنس کے رقبہ جات میں محکمہ ماحولیات، پنجاب کی منظور شدہ شرائط اور ضوابط کے مطابق تلاش معدن اور نکاسی معدن کرنے کا پابند ہوگا۔ خلاف ورزی کی صورت میں معدنی پٹہ یا لائسنس منسوخ کیا جاسکتا ہے۔ |
| 18 | یہ کہ اگر معدنی پٹہ / پراسپیکٹنگ لائسنس مخصوص و محفوظ شدہ جنگلات میں الاٹ کیا گیا ہو تو ایسی صورت میں کامیاب بولی دہندہ کو تلاش و نکاسی معدن کا تمام کام لائسنسنگ اتھارٹی اور محکمہ جنگلات کی طرف سے طے کردہ شرائط کے تابع رہ کر کرنا ہوگا اور کامیاب بولی دہندہ مخصوص و محفوظ شدہ جنگلات کے متعلق ضلعی یا ڈویژنل فارسٹ آفیسر متعلقہ کو تحریری طور پر آگاہ کرنے کا پابند ہوگا۔ |
| 19 | یہ کہ کامیاب بولی دہندہ آبی گزر گاہوں کے درمیان کوئی ایسی تعمیر و تنصیب نہیں کرے گا اور نہ ہی نکاسی معدن کا کام اس طریقہ سے کرے گا جس سے پانی کے بہاؤ اور آبی گزر گاہوں میں کسی قسم کی رکاوٹ پیدا ہو سکتی ہو۔ |
| 20 | یہ کہ پٹہ دار / لائسنس ہولڈر ریلوے لائن، سڑک، پانی کے ذخائر، بجلی کی لائن، سوئی گیس، پائپ لائن یا دیگر مفاد عامہ کی تنصیبات، عمارات، آثار قدیمہ کی اہمیت والی جگہ سے سو(100) میٹر تک پراسپیکٹنگ / نکاسی معدن کا کام کرنے کا مجاز نہ ہوگا البتہ وہ لائسنسنگ اتھارٹی سے تحریری اجازت حاصل کرنے اور عائد شدہ شرائط کے تابع متذکرہ بالا جگہوں سے سو(100) میٹر کے اندر بھی کام کرنے کا مجاز ہو سکتا ہے۔ |
| 21 | کامیاب بولی دہندہ پنجاب معدنی مراعاتی قوانین مجریہ،2002 (حصہ سمال سکیل مائننگ) اور ان قوانین میں وقتاً فوقتاً کی گئی ترامیم اور گورنمنٹ کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری کی گئیں ہدایات، پالیسی اور شرائط نیلام کے مطابق رقبہ میں کام کرنے کا پابند ہوگا۔ |
| 22 | یہ کہ کامیاب پٹہ دار بولی دہندہ / لائسنس ہولڈر مائنز ایکٹ 1923 کے رولز و ریگولیشن اور ان میں وقتاً فوقتاً کی گئی ترامیم کی بھی خلاف ورزی نہیں کرے گا، نیز چیف انسپکٹر آف مائنز پنجاب کی طرف سے وقتاً فوقتاً جاری کی گئی ہدایات پر عمل کرنے کا پابند ہوگا۔ مزید براں پٹہ دار / لائسنس ہولڈر پر تمام مروجہ قوانین کی پاسداری لازمی ہوگی۔ خلاف ورزی کی صورت میں تادیبی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ |
| 23 | کامیاب بولی دہندہ رقبہ میں لائسنسنگ اتھارٹی کی جانب سے منظور شدہ ترقیاتی سکیم اور وقتاً فوقتاً جاری کی گئی ہدایات کی روشنی میں کام کرنے کا پابند ہوگا۔ |
| 24 | الف) پراسپیکٹنگ لائسنس ہولڈر کے لیے لازمی ہوگا کہ وہ لائسنس کے عرصہ کی تکمیل سے تین ماہ قبل ایک رپورٹ لائسنسنگ اتھارٹی کو جمع کروائے گا۔اس رپورٹ میں مندرجہ ذیل معلومات لازماً تحریر ہونگی۔<br>i. رقبہ کی جیالوجیکل ساخت کی مکمل معلومات۔<br>ii. مذکورہ معدن کی موجودگی، پھیلاؤ اور گہرائی کی معلومات بمعہ جی-پی-ایس کوآرڈینیٹس۔<br>iii. ہر ایک معدن کی مقدار اور معیار کا پیشہ ورانہ تجزیہ۔<br>ب) پراسپیکٹنگ لائسنس کے کل عرصہ کی تکمیل سے ایک ماہ قبل لائسنس ہولڈر زیرِ قاعدہ 128 پنجاب معدنی مراعاتی قوانین مجریہ 2002 اور مجوزہ پالیسی کے تحت لائسنس کو مائننگ لیز میں تبدیل کرنے کے لیے درخواست دینے کا اہل ہوگا۔<br>ج) پراسپیکٹنگ لائسنس کی مائننگ لیز میں تبدیلی کے وقت IEE/EIA جمع کرانا لازمی نہ ہوگا۔البتہ لائسنسنگ اتھارٹی اگر ضروری سمجھے تو تازہ IEE/EIA کی منظوری طلب کی جاسکتی ہے۔<br>د) پراسپیکٹنگ لائسنس ہولڈر کے لیے لازمی ہوگا کہ پنجاب معدنی مراعاتی قوانین مجریہ 2002 کے تحت منتقلی / تفویض کیلئے درخواست دینے سے کم از کم ایک سال پہلے معدن کی پیداوار کو یقینی بنائے۔ بصورت دیگر پٹہ کی منتقلی کا اہل نہ ہوگا۔ |
| 25 | پٹہ جات کے کامیاب بولی دہندگان نکاسی معدن کے ہدف کو ڈویلپمنٹ سکیم کے مطابق پورا کرنے کے پابند ہونگے۔ جبکہ لائسنس ہولڈر الاٹمنٹ لیٹر کے اجرا کے بعد تین ماہ کے اندر پراسپیکٹنگ / ڈویلپمنٹ سکیم اور کھدائی کا منصوبہ جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ یہ کہ لائسنس ہولڈر پراسپیکٹنگ کے دوران مخصوص معدن کی کھدائی / نکاسی کر سکتا ہے اور متعلقہ معدن کی رائیلٹی اور دیگر واجبات ادا کرے کا پابند ہوگا۔ اگر پٹہ دار یا لائسنس ہولڈر ڈویلپمنٹ سکیم کی خلاف ورزی کرے گا تو ایسی صورت میں رقبہ منسوخ کر دیا جائے گا اور جمع شدہ سیکیورٹی ضبط کرلی جائے گی۔ |
| 26 | پٹہ دار / لائسنس ہولڈر نکاسی معدن کی صورت میں گورنمنٹ کی جانب سے وقتاً فوقتاً عائد کردہ رائیلٹی ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ مزید یہ کہ پٹہ دار پنجاب معدنی مراعاتی قوانین مجریہ،2002 کے قاعدہ نمبر 135 کے تحت ڈیڈ رینٹ ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ تاہم قاعدہ نمبر 141 کے تحت مروجہ شرح کے تناسب سے نکاسی معدن پر رائلٹی، ڈیڈ رینٹ سے زیادہ ہونے کی صورت میں پٹہ دار رائلٹی ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ جبکہ لائسنس ہولڈر مجوزہ شرح کے تحت سالانہ فیس ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ |
| 27 | یہ کہ کوئی پٹہ دار یا لائسنس ہولڈر الاٹ شدہ رقبہ میں سے اس وقت تک معدن کی روانگی نہیں کر سکے گا جب تک وہ اپنے یا اپنے نامزد نمائندہ کے دستخطوں سے مجوزہ نمونہ کے مطابق چالان مفصل جاری نہیں کرے گا جس پر پٹہ دار کے کوائف، پٹہ کا نمبر اور محل وقوع، گاڑی نمبر، ڈسپیچ سلپ کا نمبر شمار، تاریخ اجراء اور بھیجی جانے والی معدن کی مقدار درج نہ ہو۔ اگر کوئی پٹہ دار مجوزہ چالان / سلپ جاری کرنے میں ناکام رہا تو لائسنسنگ اتھارٹی یا اس کی طرف سے نامزد آفیسر متعلقہ پٹہ دار پر حکومت کی طرف سے مقرر کیا گیا جرمانہ عائد کر سکے گا۔ اور متعلقہ قواعد کے تحت کاروائی کرنے کا مجاز ہوگا۔ |

| | |
|---|---|
| 28 | یہ کہ آپ کے زیر تصرف حکومت کی ملکیتی زمین ہو تو ایسی صورت میں آپ متعلقہ حکومت کے ریونیو قوانین یا متعلقہ ضلع میں لاگو قوانین کے تحت مقرر کردہ ریٹ کے مطابق مالکانہ ادا کریں گے اور پرائیویٹ مالک اراضی کی صورت میں تلاش و نکاسی معدن کیلئے اُس کی باہمی رضامندی سے مالکانہ ادا کر کے نکاسی معدن کریں گے فریقین کے درمیان باہمی رضامندی نہ ہونے کی صورت میں پنجاب معدنی مراعاتی قوانین مجریہ 2002 کے قاعدہ نمبر 143 کے تحت لائسنسنگ اتھارٹی کی طرف سے مقرر کردہ ریٹ اور طریقہ کار کے مطابق مالکانہ کی ادائیگی کریں گے، لائسنسنگ اتھارٹی کا ریٹ کے بارے میں کیا گیا فیصلہ حتمی تصور ہو گا۔ |
| 29 | یہ کہ اگر کامیاب بولی دہندہ / پٹہ دار / لائسنس ہولڈر کے نکاسی معدنیات کے کسی کام کی وجہ سے کسی شخص کو نقصان کا سامنا کرنا پڑے تو وہ ایسی صورت میں متعلقہ اتھارٹی کی طرف سے قانون کے مطابق طے کردہ معاوضہ متعلقہ شخص کو ادا کرنے کا پابند ہو گا اور اختلاف کی صورت میں لائسنسنگ اتھارٹی کا فیصلہ حتمی ہو گا۔ |
| 30 | یہ کہ اگر زیر پٹہ رقبہ یا اس کا کوئی حصّہ کسی مفاد عامہ کے مقصد کے لئے حکومت کو درکار ہو تو پٹہ دار ایسی صورت میں مطلوبہ رقبہ لائسنسنگ اتھارٹی کے حق میں فوری طور پر چھوڑنے کا پابند ہو گا۔ ایسی صورت میں زر نیلام میں چھوڑے گئے رقبہ کی نسبت سے کمی کر دی جائے گی۔ البتہ پٹہ دار کی جانب سے جزوی رقبہ دستبرداری کی صورت میں بولی کی رقم و دیگر ٹیکسز میں ہرگز ہرگز تخفیف نہ کی جائے گی۔ تلاش معدن / پراسپیکٹنگ لائسنس کی صورت میں بھی یہی قانون لاگو ہو گا۔ |
| 31 | یہ کہ پٹہ دار / لائسنس ہولڈر مائنز ایکٹ 1923 کی زیرِ دفعہ 19 کے نفاذ کی صورت میں خواہ مذکورہ شق کا اطلاق نیلامی سے قبل یا ورک آرڈر جاری ہونے کے بعد ہو، رقبہ کے اس مخصوص حصہ میں تا حکم ثانی کام کرنے کا مجاز نہ ہو گا، نیز ایسی صورت میں پٹہ دار / لائسنس ہولڈر کسی قسم کی کوئی قانونی چارہ جوئی عدالت دیوانی یا افسر مجاز کے ہاں نہ کرنے کا پابند ہو گا اور نہ ہی اس کے متبادل محکمہ سے کسی قسم کی رعایت کا مستحق ہو گا۔ |
| 32 | بولی دہندہ ای نیلام میں پیش کردہ کسی بھی رقبہ میں پہلے سے موجود آبادی یا دیگر تنصیبات وغیرہ کی بنیاد پر نیلام کی رقم کی واپسی کا مستحق نہ ہو گا۔ |
| 33 | یہ کہ کامیاب بولی دہندہ فرم / کمپنی اپنے شراکت نامہ میں لائسنسنگ اتھارٹی سے پیشگی تحریری اجازت حاصل کئے بغیر کسی قسم کی تبدیلی کرنے کی مجاز نہ ہو گی۔ |
| 34 | بولی دہندگان / لیز ہولڈر / لائسنس ہولڈر کی طرف سے کوئی بھی بے بنیاد قانونی چارہ جوئی یا حقائق کو مسخ کر کے پیش کرنے یا غلط بیانی کرنے کے نتیجے میں ان کے خلاف بلیک لسٹنگ کی کاروائی، پہلے سے جمع بولی کی رقم اور سیکورٹی ضبطگی وغیرہ اور رقبہ کی منسوخی عمل میں لائی جاسکتی ہے۔ |
| 35 | پٹہ / لائسنس کی منسوخی کی صورت میں پٹہ دار / لائسنس ہولڈر کو رقبے کا قبضہ فوری طور پر بحق سرکار بذریعہ لائسنسنگ اتھارٹی یا اس کے مجاز نمائندہ کے حوالے کرنا ہو گا۔ مزید یہ کہ پٹہ دار / لائسنس ہولڈر کو رقبہ کی مدت ختم ہونے یا اس کی منسوخی کے چھ ماہ کے اندر موقع سے عمارات، مشینری، نکاسی شدہ معدن یا دیگر اشیاء کو منسوخ شدہ رقبہ سے اٹھانا ہو گا، بصورت دیگر پٹہ دار / لائسنس ہولڈر کسی معاوضے کے حق کو تسلیم کئے بغیر متذکرہ بالا تمام اشیاء بحق لائسنسنگ اتھارٹی ضبط کی جاسکتی ہیں اور لائسنسنگ اتھارٹی جس طرح مناسب سمجھے گی ان اشیاء کو موقع سے ہٹانے کی مجاز ہو گی۔ |
| 36 | یہ کہ کامیاب بولی دہندہ تمام اقسام کے ٹیکس ہائے جو حکومت پاکستان، حکومت پنجاب، لوکل اتھارٹی، کارپوریشنز یا لوکل باڈیز وغیرہ کی طرف سے عائد ہوں گے ادا کرنے کا پابند ہو گا۔ ٹیکسوں اور دیگر واجبات کی منظوری / ادائیگی لازمی ہے۔ جو تمام متعلقہ ٹیکس ایجنسیوں / محکموں / اداروں کی طرف سے آپ پر واجب الادا ہیں آپ اپنے لائسنس / پٹہ نامہ کی تکمیل پر تمام متعلقہ اداروں سے کلیئرنس سرٹیفکیٹ جمع کرائیں گے۔ ورنہ آپ کنورشن یا مدت لائسنس اور مدت پٹہ میں اضافے کے لئے اہل نہ ہوں گے۔ اور نہ ہی آپ کی سیکیورٹی واپس کی جائے گی۔ |
| 37 | بولی دہندگان و پٹہ دار / لائسنس ہولڈر لائسنسنگ اتھارٹی کے فیصلہ کی ترسیل کے تیس (30) یوم کے اندر اندر ڈائریکٹر جنرل مائنز اینڈ منرلز، پنجاب لاہور کے پاس زیر قواعد معدنی مراعاتی قوانین مجریہ، 2002 کے تحت اپیل دائر کر سکتے ہیں۔ |


**المشتہر**

**ڈائریکٹر سال مائنز اسسٹنس / ٹائٹلز (لائسنسنگ اتھارٹی) پنجاب**

**پونچھ ہاوس ملتان روڈ، لاہور۔ فون نمبر 042-99214853**